## 22256 ـ جمعہ کے روز اونچی آواز سے تسبحات پڑھنا

**سوال**

کیا جمعہ کے روز نماز جمعہ سے ایك گھنٹہ قبل بلند آواز سے تسبیحات پڑھنا سنت ہے یا بدعت ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

بلا شك و شبہ یہ عمل بدعت ہے، کیونکہ ہم تك تو یہ نہیں پہنچا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یا پھر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم نے ایسا کیا ہو، اور خیر وبھلائی تو ان کی اتباع و پیروی میں ہے.

لیکن اگر کوئی شخص اپنے دل میں تسبیحات کرتا ہے، تو ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں، بلکہ اس میں تو خیر عظیم اور ثواب جزیل ہے، کیو نکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ فرمان ثابت ہے:

" اللہ تعالی کو سب سے محبوب چار کلمات ہیں:

سبحان اللہ، الحمد للہ، اور لا الہ الا اللہ، اور اللہ اکبر "

صحیح مسلم کتاب الاداب حدیث نمبر ( 2137 ).

اور ایك دوسری حدیث میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" جو کلمے زبان پر بہت ہی ہلکے اور خفیف ہیں، اور رحمن کو بہت ہی زیادہ محبوب، اور میزان میں بہت زیادہ وزنی اور ثقیل ہیں:

سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم "

صحیح بخاری کتاب الایمان والنذور حدیث نمبر ( 6682 ) صحیح مسلم کتاب الذکر والدعاء والتوبہ حدیث نمبر ( 2694 ).

واللہ اعلم .